ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

چوری/چھینے گئے موبائل فونز کو ڈی کوڈ کرنیوالے عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کیا جائے۔ آئی جی سندھ

چوری/چھینی گئی گاڑیوں/موٹر سائیکلز اور انکے پارٹس کی خرید فروخت میں ملوث عناصر کیخلاف کاروائی کی جائے۔ ڈاکٹر سید کلیم امام

کراچی 24 فروری 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ڈی آئی جی سی آئی اے دفتر کا خصوصی دورہ کیا اور جملہ محکمانہ امور کا جائزہ لیتے ہوئے مذید ضروری ہدایات دیں۔ڈی آئی جی سی آئی اے عارف حنیف کے علاوہ اے وی سی سی، اے سی ایل سی اور ایس آئی یو کے ایس ایس پیز بھی اس موقع پر موجود تھے۔

آئی جی سندھ نے ڈی آئی جی سی آئی اے کے لیئے دس لاکھ جبکہ اے وی سی سی، اے سی ایل سی اور ایس آئی یو کے ایس ایس پیز کے لیئے پانچ پانچ لاکھ انعام کا اعلان کرتے ہوئے ہدایات دیں کہ تفویض کردہ ذمہ داریوں کو انتہائی مہارت اور تجربوں کو پیش نظر رکھ مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ مختلف سرکاری اور نجی بینکوں کے نمائندگان کے ساتھ شیڈول اجلاس ترتیب دیکر انہیں بینکس سیکیورٹی میژول پر اسکی روح کے مطابق عمل درآمد اور بینکوں کے اندر اور باہر بالخصوص اے ٹی ایم کے اندر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب اور انہیں درست حالت میں رکھنے کی اہمیت اور افادیت سے آگاہی دی جائے جبکہ دوران اجلاس پولیس کے موجودہ ایس او پی اور اسکی ترجیحات کے بارے میں بھی بتایا جائے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ گمشدہ/لاپتہ بچوں کی تلاش جیسے اقدامات میں ماڈرن تیکنیکس کے تحت انتہائی سنجیدہ کاوشوں کو نا صرف یقینی بنایا جائے بلکہ اس حوالے سے روزانہ کی بنیاد پر اٹھائے گئے جملہ اقدامات پر مشتمل رپورٹ بھی برائے ملاحظہ ارسال کی۔

انہوں نے مختلف علاقوں سے چھینی گئی سرکاری گاڑیوں کی برآمدگی اور ملوث ملزمان کی گرفتاری کے حوالے سے ہدایات دیں اور کہا کہ چوری/چھینی گئی گاڑیوں/موٹر سائیکلوں کے پارٹس کی خرید فروخت میں ملوث عناصر اور ایسی مارکیٹوں کی باقاعدہ نشاندہی کر کے بھرپور اور منظم کریک ڈاؤن کو یقینی بنایا جائے
۔

انہوں نے مذید کہا کہ موبائل فون مارکیٹ ایسوسی ایشن کے نمائندگان سے شیڈول اجلاس کر کے چوری اور چھینے گئے موبائل فون کی خرید فروخت اور بالخصوص ایسے موبائلز کے آئی ایم ای آئی نمبرز کی ٹیمپرنگ اور انہیں ڈی کوڈ کرنیوالے عناصر/دکانداروں کیخلاف انتہائی سخت اقدامات اٹھائے جائیں۔

آئی جی سندھ نے سی آئی اے کو خصوصی ٹاسک دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کی خرید فروخت میں ملوث مرکزی ملزمان سمیت انکے گروہوں سرپرستوں اور سہولت کاروں کیخلاف بلا کسی دباؤ انتہائی ٹھوس اور غیر جانبدارانہ اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔

۔۔۔